کتاب الحُب
عملیاتِ عشق و مُحبت
حضرت میاں محمد اعظم مہاروی
نظرثانی سیّد ارتضیٰ علی کرمانی

کتاب الحب
عملیاتِ عشق و محبت
حضرت میاں محمد اعظم مہاروی
نظرثانی سید ارتضیٰ علی کرمانی

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ

اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ ؕ

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ ؕ

کتاب الحب

عملیاتِ عشق و محبت

تالیف

پیر فقیر حضرت میاں محمد اعظم مہاروی

بفیضانِ نظر پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی

عظیم اینڈ سنز پبلشرز

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 7231806

حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری نے صابر پرنٹرز
سے طبع کروا کر فروری 2004 ء بمطابق
محرم 1425ھ میں شائع کی۔

انتساب بنام

پیر محمد امین ساجد (مدظلہ العالیہ)

وَالۡقَیۡتُ عَلَیۡکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیۡ
وَلِتُصۡنَعَ عَلٰی عَیۡنِیۡ

(سورہ طٰہٰ آیت نمبر ۳۹)

حرف ابتدا

لَقَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ عَزِيۡزٌ عَلَيۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِيۡصٌ عَلَيۡكُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ

(سورہ التوبہ ۱۲۸)

عرض ناشر

عزیزی قارئینِ کرام۔

وظائف وعملیات کو انہی نوعیت کی ایک منفرد و مستند کتاب آپ کی خدمتِ عالیہ میں پیش خدمت ہے ایک عرصہ سے مجھے یہ کتاب ضروری دکھائی دے رہی تھی مگر اس کی تیاری ممکن نہیں ہو پا رہی تھی کئی برسوں کی محنت شاقہ کے بعد پیر محترم میاں صاحب اس کتاب کو مکمل کرنے میں کامیاب ہو گئے تو مجھے بھی قدرے سکون حاصل ہوا۔

وظائف وعملیات پر مبنی یوں تو سینکڑوں کتابیں آپ کو مارکیٹ سے باآسانی دستیاب ہوجائیں گی مگر یہ کتاب ان تمام کتابوں کے ذخیرہ سے بے نیاز ہو گی کیونکہ جو اعمال اور وظائف آپ متعدد کتابوں سے حاصل کریں گے وہ آپ کو ہماری صرف اس کتاب سے حاصل ہوجائیں گے۔

یہ ہماری پہلی کاوش ہے آئندہ ہم انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسی نوعیت کی دیگر کتب بھی آپ کی خدمت میں پیش کریں گے۔

امید ہے کہ آپ ہماری حسبِ سابق ضرور حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

آپ کی آراء کا طالب
حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اَللّٰھُمَّ اِنّیِ اَسئَلُکَ یَامُنَزِّلَ
الوَحیِ مِنْ فَوْقِ سَبعَ سَمٰوٰتٍ
اَنْ تَیَسّرَلِیْ مَااَنَا قَاصِدُہٗ وَطَالِبُہٗ
وَتُسَخّرَلِیْ خُدَّامَ الْمُحَبَّۃَ
یُطِیعُوْنِیْ فِیْ جَمِیعِ مَا اُرِیدُہٗ
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ"

گذارش

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

تمام تعریفوں کا مالک بلا شبہ اللہ تعالیٰ کریم غفور الرحیم ہے اسی کے قبضہ قدرت میں ہے جو کچھ بھی دکھائی دیتا ہے یا جو کچھ بھی ہماری نظروں سے پنہاں ہے وہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے اور وہی ہے کہ جسے چاہتا ہے بے حساب علم عطا فرماتا ہے اس کی بے شمار عنایاتِ آیمانہ ہم پر ہیں انہی بے پاں عنایات میں سے ایک عنایت ہم پر اللہ تعالیٰ کریم حلیم وخبیر نے یہ فرمائی کہ ہمیں امتِ محمدیہ میں پیدا فرمایا۔

کروڑوں درود و سلام آقائے نامدار محمد مصطفیٰ ﷺ پر کہ جو ہماری شفاعت بروزِ محشر فرمائیں گے کہ جس روز ماں، بچوں کو نہیں لے جائے گی۔

زیرِ نظر کتاب ایک عجیب موضوع پر مبنی کتاب ہے اس کتاب کی ضرورت سالہا سال سے محسوس کی جارہی تھی۔ قبلہ حاجی محمد عظیم صاحب قادری نے حکم فرمایا کہ ایک ایسی کتاب ہونی چاہیئے کہ جس میں ایک ہی موضوع کے تمام تر اعمال، وظائف اور نقوش جمع کر دیئے جائیں آپ ہی کے قسم کی تعمیل

میں زیر نظر کتاب تحریر کی گئی ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے قبل آپ کو چاہیئے کہ میری اس گذارش کو بھی ضرور ذہن میں رکھیں عرض ہے کہ وظائف دراصل ایک پابندی کا نام ہے جس طرح بندہ اعتکاف میں بیٹھ جاتا ہے اور دورانِ اعتکاف مکمل طور پر اس چیز سے پرہیز کرتا ہے جو نگاہ ہیں یا گناہوں کی طرف مائل کرتی ہیں ان وظائف وعملیات میں بھی بالکل یہی صورتِ حال ہوتی ہے۔

اعتکاف تو محض دس دنوں کا ہونا ہے مگر وظائف وعملیات وغیرہ میں یہ صورت حال نہیں ہوتی کیوکہ اس دوران آپ کو وظائف وعملیات زکات بعض اوقات 41, 40, 21 یا 7 روز تک پڑھ کر اور چلہ کشی رہ کر ادا کرنا ہوتی ہے اس دوران عامل کے فرائض ہی بذات شامل ہوتی ہے کہ وہ اپنے وظائف بھی ادا کرے بعداز نماز پنجگانہ بھی عمدگی سے ادا کرے کیونکہ نماز کا حساب ضرور ہونا ہے جبکہ وظائف کا حساب نہیں ہوگا۔

وظائف وعملیات کی ادائیگی کے دوران عامل کو ہر طرح کی احتیاط کرنا چاہیئے وگرنہ نقصان کا بھی احتمال ہوسکتا ہے اکثر اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ کتابوں ہی سے وظیفہ پڑھ کر اسے ادا کرنا شروع کر دیتے ہیں یہ بات غلط ہے کیونکہ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ کلام اللہ شریف کے ہر حرف کا ایک موکل ہوتا ہے جب کوئی شخص کوئی آیت شریف یا کوئی وظیفہ پڑھتا ہے تو ضرور موکل حاضر ہوتا ہے اب ان لوگوں کو تو یہ علم نہیں ہوتا کہ موکل کب آتا ہے اور اگر آجائے تو اس سے کام کس طرح لینا ہے چنانچہ یہ ضروری ہے کہ کسی قابل استاد سے راہنمائی حاصل کی جائے چھپ چھپ کر پڑھنے سے الٹا نقصان ہی ہوتا ہے اگر اللہ پاک توفیق دے تو کسی نیک شخص کی بیعت کرنا بہت درست قدم ہوتا ہے۔

اکثر اوقات یوں بھی ہوتا ہے کہ عمل کرنے والا اپنا ذھنی توازن ہی

کھو بیٹھتا ہے وجہ یہی ہے کہ یہ لوگ بغیر کسی استاد کے عملیات کرتے ہیں موکل تو ضرور حاضر ہوتے ہیں مگر ان کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان سے بات کیسے کرنا ہے یہ اسی سے بے نیاز ہو کر عمل جاری رکھتے ہیں جس کا اثر الٹا ہوجاتا ہے اور یہ دیوانہ ہوجاتے ہیں۔

عزیزانِ گرامی ان کے اسی حال میں ہونے کی کئی زیادہ وجوہات ہوتی ہیں جن ہی سے مرشد کامل کا ان پر ہاتھ نہ ہونا یا مرشد کامل کی بیعت نہ کرنا، فرائض وآدابِ غسل اور وضو سے ناواقفیت، اعمال کی آزمائش، رزق حلال وحرام میں تمیز نہ ہونا، اسرارِ مخفی سے کماحقہ واقفیت نہ ہونا، اعمال کی ادائیگی کے لئے مناسب جگہ نہ ہونا، بزرگانِ دین کا نافرمان ہونا، شرعی امور سے ناواقف ہونا، سلسلہ تصوف ہی سے کسی سے تعلق نہ ہونا، جو راز خوابوں میں ویسے ہی دکھائی دینا وہ اپنی بڑائی کی خاطر دوستوں کو قبلہ نام کسی استاد کی راہنمائی نہ ہونا شامل ہیں۔

یہ بھی اکثر ہوا ہے کہ کسی نے کوئی عمل شروع کر دیا اس کو خواب میں کوئی غیر معمولی بات معلوم ہوئی تو اس نے اس کی یا تو دھوم ہی مچا دی پھر ہونا یوں ہے کہ وہ شخص ساری زندگی ترستا ہی رہ جاتا ہے کہ اسے کبھی معلوم ہو مگر اسے کجا نہ تو خواب دکھائی دیتا ہے اور نہ ہی اسے کبھی معلوم ہو پاتا ہے اس لئے اسے چاہیئے کہ پوری طرح احتیاط کرے یہ دراصل بھید ہوتے ہیں ان بھیدوں کو طشت ازبام کرنا عامل کے لئے کسی بھی طرح مناسب نہیں ہوتا۔

میری آپ لوگوں سے استدعا ہے کہ آپ وظائف واعمال و چلے ضرور کریں مگر ان کے پوری طرح اہل ہونے کے بعد۔

اگر آپ کسی کے بیعت نہیں ہیں تو بیعت ضرور کیجئے اور اپنی پوری طرح تسلی کرنے کے بعد آپ کو کسی کا بیعت ہونا چاہیئے اسی طرح آپ کو اپنا مطالعہ بھی وسیع آنا چاہیئے تاکہ آپ کو ہر قسم کی معلومات حاصل ہوں۔

ایک عامل کے لئے ضروری ہے کہ اسے یہ علم ہو کہ اسے ان سے وظیفہ، عمل یا چلہ کے دوران کون سا لباس، طعام یا مشروب استعمال کرنا چاہیئے اسی طرح عامل کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ موکل کی حاضری کے وقت اسے کیا کرنا چاہیئے ان سب باتوں کی واقفیت کے بعد ہی چاہیئے کہ اعمال، وظائف اور چلوں کے بارے میں سوچا جائے۔

یہی گذشتہ سطور میں کئی ایک جگہ مرشدِ کامل کی بیعت یا کسی استاد سے راہنمائی کے لئے تحریر کیا ہے وجہ صرف یہی ہے کہ مرشد یا استاد آپ کو ان چیزوں سے آگاہ کریں گے جن سے آپ واقف نہیں ہیں مگر وہ ان ادوار سے گزر چکے ہیں چنانچہ ان کی راہنمائی ازحد ضروری ہے۔

فقیر نے اس کتاب کی تالیف کے سلسلہ میں متعدد وکتب سے راہنمائی حاصل کی ہے جبکہ چند ایک وظائف وعملیات ہمارے اپنے خاندانی ہیں اپنی طرف سے توہرممکن کوشش کی ہے کہ کسی بھی قسم کی غلطی نہ رہے مگر ان کے باوجود اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو ہمیں مطلع فرما کر اپنا ذہنی واخلاقی فرض پورا فرمائیں بندہ ازحد مشکور ہوگا۔

میں اس کتاب کے سلسلہ میں پیر سید ارتضٰی علی کرمانی قبلہ سید عبدالرحمان شاہ گیلانی، قبلہ صوفی محمد لطیف چشتی قادری نقش بندی اور قبلہ حضرت حاجی محمد عظیم بٹ قادری کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔

خیر اندیش

پیر فقیر میاں محمد اعظم مہاروی

سجادہ نشین آستانۂ عالیہ پیر

صدر الدین مہاروی مہار

شریف دیپالپور

اصول نقش

نام کے اعداد نکالنے کا اصول

اس کتاب میں جگہ، جگہ نام مطلوب بمعہ مادر کے اعداد کا جملہ درج ہے۔ یاد رکھئے عملیات میں نام طالب و مطلوب معہ مادر کی لازمی ضرورت پڑتی ہے بغیر اس کے عمل مکمل نہیں ہوتا، اس لیے اس طریقے کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے تاکہ عمل کے لیے کسی غلطی کا امکان نہ ہو۔

ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ه	و	ز ژ	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ان کو اس طرح یاد کر لیجئے۔

ابجد

ہوز

حطی

کلمن

سعفص

قرشت

ثخذ

ضظغ

چونکہ علم الاعداد میں ہم عربی نظام کا اولیت دیتے ہیں اس لیے اب ڈ ڑ ٹ گ وغیرہ کے اعداد ظاہر کرنے کے لیے خاکے بنا دیئے گئے ہیں تاکہ آپ الجھن کا شکار نہ ہوں۔

یہاں پر اس چیز کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہے کہ جو حرف لکھنے میں آتے ہیں، ان کے ہی اعداد لیے جائیں گے جو بولنے میں آتے ہیں مگر لکھنے میں نہیں، ان کے اعداد نہیں لیے جائیں گے۔

مثال	طالب	احمد علی بن زینب
	مطلوب	حمیدہ بنت رانی
طریقہ	۴۴۰۸۱	۲۵۰۱۰۷
	۵۳	۶۹
	ح م ی د ہ	ران ی
	۵۴۱۰۴۰۸	۱۰۵۰۱۲۰۰
	۶۷	۲۶۱

کل مجموعہ $۵۳ + ۶۹ + ۲۶۱ + ۶۷ = ۴۵۰$

ناموں کے اعداد درمیان بن یا بنت کے اعداد نہیں لیے جاتے البتہ جب تعویذ یا نقش کے نیچے عزیمت یا دُعا لکھی جاتی ہے تو اس میں عورتوں کے لیے بنت اور مردوں کے لیے بن لکھا جانا ضروری ہے۔

اگر احمد محبت کے لیے کوئی عمل پڑھنا چاہتا ہے تو وہ عمل ۴۵۰ مرتبہ پڑھے گا۔

نوٹ:۔

یہ اصول اس جگہ کام کرے گا جہاں وظیفے یا پڑھائی کی تعداد مقرر نہ ہو اگر وہاں کوئی مقدار مقرر ہے تو اس کو ہی اولیت دی جائے گی۔

ستاروں کے آپس میں تعلقات

کوکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
دوست	عطارد زہرہ	شمس قمر	شمس قمر	مریخ قمر	عطارد زحل	شمس زہرہ	عطارد شمس
		مریخ	مشتری	مشتری			
برابر	مشتری	زحل	زحل زہرہ	عطارد	مریخ مشتری	مریخ مشتری	مریخ مشتری
						زحل	زحل زہرہ
دشمن	شمس قمر مریخ	عطارد زہرہ	عطارد	زحل زہرہ	شمس قمر	قمر	----

شرف واستقامت برائے ستارگان

تمام ستارے گردش کرتے ہوئے جب مختلف درجوں سے گزرتے ہیں تو وہ کسی مقام پر انتہائی سعد ثابت ہوتے ہیں اور بعض مقامات پر انتہائی برے اثرات ظاہر کرتے ہیں اس لیے خیال رکھنا چاہیئے کہ اعمال محبت ایسے اوقات میں کریں جب ستارہ مطلوب و طالب اپنے اچھے مقام پر ہو، اس کی مزید تفصیل کسی بھی اچھی تقویم سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

ستارہ	شرف		ہبوط		ستارہ	شرف		ہبوط	
	برج	درجہ	برج	درجہ		برج	درجہ	برج	درجہ
شمس	حمل	۱۹	میزان	۱۹	مشتری	سرطان	۱۵	جدی	۱۵
قمر	ثور	۳	عقرب	۳	زہرہ	حوت	۲۷	سنبلہ	۲۷
مریخ	جدی	۲۸	سرطان	۲۸	زحل	میزان	۲۱	حمل	۲۱
عطارد	سنبلہ	۱۵	حوت	۱۵	راس ذنب	جوزا	تمام بروج	قوس	تمام بروج
مریخ	جدی	۲۸	سرطان	۲۸	زحل	میزان	۲۱	حمل	۲۱
عطارد	سنبلہ	۱۵	حوت	۱۵	راس ذنب	جوزا	تمام بروج	قوس	تمام بروج

نقش مربع کے قواعد

نقش مربع کے دس قواعد کا بیان درج ذیل ہے اور اس کے بعد

مسدس، مسبع، مثمن وغیرہ کے نقوش بھرنے کا طریقہ درج کیا جائے گا۔

پہلا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۱۶ طرح کریں اور بقیہ اعداد کے دو حصے برابر کریں اب مربع خانہ ایک سے آٹھ تک نظم طبع سے بھریں یعنی پہلے خانے میں ایک، دوسرے میں دو علیٰ ہذا القیاس آٹھویں خانہ میں آٹھ، اس کے بعد نویں خانہ میں اعداد مطروحہ مقسومہ بھر کر ہر ایک خانے میں ایک ایک عدد اضافہ کریں مثلاً اسم رحمٰن کے عدد دو سو اٹھانوے ہیں۔

طرح ۱۶ کے بعد دو سو بیاسی باقی رہے بعد تقسیم ۱۴۱ رہا تواعد و مطروحہ مقسومہ خانہ نہم میں ۱۴۱ رہے گا اور کسر کا قاعدہ وہی ہے جو مربع کے بیان میں گزرا ہے۔

نقش یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱	۱۴۶	۱۴۳	۸
۱۴۴	۷	۲	۱۴۵
۶	۱۴۱	۱۴۸	۳
۱۴۷	۴	۵	۱۴۲

دوسرا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۱۹ طرح کریں اور باقی کو تین سے تقسیم کریں پھر خانہ

اول سے خانہ چار تک نظم طبع کے ساتھ پر کریں اور پانچویں خانہ میں تیسرے حصہ سے پر کریں مثال یہ ہے کہ اسم جلالت اللہ کے عدد چھیاسٹھ ہیں ۹۱ طرح کے بعد ۴۷ باقی رہے تین سے تقسیم کرنے پر تیسرا حصہ ۱۵ ہو اور دو کسر رہی اب اس کو قائدہ مذکور سے پر کیا جائے گا اور کسر کا باقاعدہ وہی ہے جو مربع میں گزرا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۸	۲	۲۵	۱
۲۴	۲	۱۷	۲۳
۳	۲۷	۲۰ خانہ کسر	۱۶
۲۱	۱۵	۴	۲۶

تیسرا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۲۱ طرح کریں اور باقی اس طرح پر کریں کہ خانہ اول سے بارہ تک نظم طبعی کے ساتھ اور تیرہویں خانے میں اعداد جو طرح کے بعد بچے ہیں پھر ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کریں مثال یہ ہے کہ اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ ہیں بعد طرح ستاسی بچے قائدہ مذکورہ کے ذریعے پر کریں۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۸	۱۱	۸۸	۱
۸۷	۲	۷	۱۲
۳	۹۰	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۹

چوتھا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۲۴ طرح کریں کہ بقیہ اعداد کے تین حصے کریں اور اس طرح پر کریں کہ پہلے خانہ میں تیسرا حصہ دوسرے، تیسرے، چوتھے خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں اور پانچوے خانہ سے آٹھویں خانے تک نقش اجل کی رفتار کے مطابق یعنی ۵،۶،۷،۸ لکھیں پھر نویں خانہ سے سولہ تک خانہ نمبر ۴ میں جو عدد پر کیا تھا اس پر ایک ایک کا اضافہ کر کے پر کریں اور کسر کا وہی قاعدہ ہے مثلاً اسم کریم کے عدد دو سو ستر ہیں بعد طرح دو سو سینتالیس بچے اور ایک کسر حاصل ہوئی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸	۸۸	۹۲	۸۲
۹۱ خانہ کر	۸۳	۷	۸۹
۸۴	۹۴	۸۶	۶
۸۷	۵	۸۵	۹۳

پانچواں قاعدہ

۲۵ کی طرح کے ساتھ اوپر پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خانہ سے آٹھویں تک نظم طبعی کے ساتھ یعنی جس طرح نقش اجل پُر کرتے ہیں اور نویں خانے سے بارہ تک باقی اعداد جو طرح کے بعد بچے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر تیرہویں خانے سے نظم طبعی کے ساتھ مثال یہ ہے اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ طرح کے بعد باقی تیراسی رہے گا معلوم کے ذریعے پُر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸	۸۵	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۸۶
۳	۱۶	۸۳	۶
۸۴	۵	۴	۱۵

چھٹا قائدہ

۲۷ کی طرح کے ساتھ جملہ اعداد سے ۲۷ طرح کر کے تین پر تقسیم کریں پھر یوں بھریں کہ اول سے آٹھویں خانہ تک تقسیم شدہ حصہ سے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ اور نویں خانے سے بارہ تک نظم طبعی نقش اجل کی چال سے پھر تیرہویں خانے سے سولہ تک آٹھویں خانے کے عدد پر ایک ایک کے اضافے کے ساتھ مثال اسم جامع کے عدد ایک سو چودہ ہیں طرح کے بعد ستاسی باقی رہے تیسرا حصہ ۲۹ بعمل معلوم پر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۶	۱۱	۳۸	۲۹
۳۷	۳۰	۳۵	۱۲
۳۱	۴۰	۹	۳۴
۱۰	۳۳	۳۲	۳۹

ساتواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۲۹ طرح کریں خانہ اول سے چار تک نقش اجل کی رفتار سے پھر پانچویں خانہ سے آٹھ تک طرح کے بعد جو عدد بچا تھا ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر نویں خانہ سے آخر تک بطور نقش اجل مثال اسم لطیف کے اعداد ایک سو انتیس ہیں بعد طرح سو باقی رہے۔

نقش پر شدہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۰۴	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۱۰۳	۱۲
۳	۱۶	۹	۱۰۱
۱۰	۱۰۰	۴	۱۵

آٹھواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۳۰ کی طرح کے ساتھ جیسا کہ مربع کے بیان میں گزرا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۰۴	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۱۰۳	۱۲
۳	۱۶	۹	۱۰۱
۱۰	۱۰۰	۴	۱۵

نواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۳۱ طرح کر کے بقیہ کو تین سے تقسیم کر کے تیسرے حصہ کو اول خانہ سے بارہ تک ایک ایک کی زیادتی پر کریں پھر تیرھویں خانے

ے آخر تک برفتار نقش اجل پر کریں مثال اسم شافی کے اعداد تین سو اکاونے یں بعد طرح تین سو ساٹھ رہے باقی کے تین حصے کرنے پر ایک حصہ ایک سو یں ہوا قاعدہ مذکورہ کی رعیات سے پر یں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۲۷	۱۳۰	۱۴	۱۲۰
۱۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۶۴	۱۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۵

دسواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۳۳ کی طرح کر کے بقیہ اعداد خانۂ اول سے چار تک باضابطہ ایک ایک پھر خانہ پنجم سے آخر تک برفتار نقش اجل مثال اسم فتاح کے عدد چار سو نواسی اور بعد طرح چار سو چھپن بچے قاعدہ مذکورہ بالا سے پر کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۸	۱۱	۱۴	۴۵۶
۱۳	۴۵۷	۷	۱۲
۴۵۸	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴۵۹	۱۵

قواعد پر کردن نقوش مسدس، مسبع، مثمن وغیرہ

مسدس میں چھ ضلعے ہوں گے اور چھتیس خانے نکلیں گے عدد تخم ایک سو گیارہ ہے اور طرح ایک سو پانچ ہے بعد طرح چھ سے تقسیم کر کے پُر کریں۔ مثلاً اسم عالی کے عدد ایک سو گیارہ بعد طرح چھ باقی رہے بعد تقسیم حاصلِ قسمت ایک رہا لہٰذا ایک سے پر کیا جائے اور اگر ایک کسر واقع ہوں تو اکتیسویں خانے میں ایک عدد اضافہ کریں اور دو کسر ہوں تو پچسویں خانے میں اور تین کسر ہوں تو پندرہویں خانے میں اور چار کسر ہو تو تیرہویں خانے میں اور پانچ کسر ہوں تو ساتویں خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

	۱۸	۷	۳۰	۱۹	۳۶	۱۰
	۵	۳۲	۲۰	۲۹	۱۲	۱۳
	۲۷	۲۲	۸	۱۷	۲	۳۵
	۲۱	۲۸	۳۴	۳	۱۴	۱۱
	۹	۱۶	۴	۳۳	۲۴	۲۵
	۳۱	۶	۱۵	۱۰	۲۳	۲۶

نقش مسبع پر کرنے کا قاعدہ

عدد تخم ایک سو پچھتر عدد طرح ایک سو ارسٹھ مثلاً اسم باطن و باقی کے عدد ایک سو پچھتر ہیں بعد طرح سات باقی رہے سات سے تقسیم کر کے اس

چال سے پر کریں اور اگر ایک کسر واقع ہو خانہ ۴۳ میں ایک عدد کا اضافہ کریں اور دو ہو تو خانہ ۳۶ اور تین ہو تو خانہ ۲۹ اور چار ہو تو خانہ ۲۲ اور پانچ کے لئے خانہ ۱۹ اور چھ کے لئے خانہ ۸ میں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۹	۱۷	۳۵	۳۳	۴۱	۴۹	۱
۲۶	۳۴	۴۲	۴۳	۲	۱۰	۱۸
۳۶	۴۴	۳	۱۱	۱۹	۲۷	۳۵
۴	۱۲	۲۰	۲۸	۲۹	۳۷	۴۵
۲۱	۲۲	۳۰	۳۸	۴۶	۵	۱۳
۳۱	۳۹	۴۷	۶	۱۴	۱۵	۲۳
۴۸	۷	۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰

نقش مثمن بھرنے کا قاعدہ

عدد تخم دو سو ساٹھ طرح کے اعداد دو سو باون مثلاً اسم حسیب و سمیع کے دو ساٹھ ہیں بعد طرح آٹھ رہے بعد تقسیم ایک سے نقش پر کیا جائے اگر کسر ایک ہو خانہ ۵۷ میں اور دو ہو تو خانہ ۴۹ میں اور تین ہو تو خانہ ۴۱ میں اور چار ہو تو خانہ ۳۱ میں اور پانچ ہو تو ۲۵ میں اور چھ خانہ ۱۷ میں اور سات ہو تو خانہ ۷ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پُر کیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

	۷	۱۰	۵۶	۵۷	۶۱	۶۴	۲
۵۹	۲۰	۱۶	۴۲	۴۸	۵۰	۱۹	۸
۵۴	۴۴	۳۲	۳۵	۳۸	۲۵	۲۱	۱۱
۵۱	۴۳	۳۷	۲۶	۳۱	۳۶	۲۲	۱۴
۱۳	۱۴	۲۷	۴	۳۳	۳۰	۴۱	۵۲
۱۲	۱۸	۳۴	۲۹	۲۸	۳۹	۴۷	۵۳
۵	۴۶	۴۹	۲۳	۱۷	۴۵	۴۵	۶۰
۶۳	۵۸	۵۹	۹	۸	۴	۱۰	۴۶

نقش متسع کے بھرنے کا قاعدہ

تخم تین سو اکہتر طرح تین سو ساٹھ باقی ۹ بعد تقسیم ایک رہے اگر کسر ایک واقع ہو تو خانہ ۳۷ میں اور دو ہو تو ۶۴ میں اور تین ہو تو خانہ ۵۵ میں اور چار ہو تو خانہ ۴۶ میں اور پانچ ہو تو خانہ ۳۷ میں اور چھ ہو تو خانہ ۲۸ میں اور سات ہو تو خانہ ۱۹ اور آٹھ ہوں تو خانہ ۱۰ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۸	۷۱	۶۹	۶۷	۷۳	۵	۳	۱	۷۲
۸۰	۲۲	۵۷	۵۵	۵۹	۱۹	۱۷	۵۸	۲
۷۸	۶۴	۲۲	۴۷	۴۹	۲۹	۴۸	۱۸	۴
۷۵	۶۲	۵۲	۴۰	۳۹	۴۴	۳۰	۲۰	۶
۱۶	۲۸	۳۶	۳۸	۴۳	۴۲	۴۶	۵۴	۶۶
۱۴	۲۶	۳۴	۳۵	۳۲	۵۳	۵۰	۵۶	۶۸
۱۲	۲۴	۲۵	۲۷	۲۳	۶۳	۶۵	۶۰	۷۰
۱۰	۱۱	۱۳	۱۵	۹	۷۷	۷۹	۸۱	۷۴

۳۶۹

قاعدہ نقش معشیر بھرنے کا

تخم پانچ سو پینتیس طرح چار سو پچانوے باقی چالیس عدد بعد تقسیم چار رہے۔

قاعدہ کسر

اگر ایک کسر رہے تو خانہ ۱۹ اور دو رہے تو خانہ ۱۸ اور تین ہو تو خانہ ۱۷ اور چار ہو تو خانہ ۱۶ اور پانچ ہو تو خانہ ۵۱ میں اور چھ ہو تو خانہ ۴۱ میں او

سات ہو تو خانہ ۳۱ میں اور آٹھ ہو تو خانہ ۱۱ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔

نقش معشر یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۹	۵	۱۴	۱۷	۹۱	۹۲	۹۵	۱۰۱	۱۰۳	۸
۹۷	۱۴	۲۸	۳۱	۷۷	۷۸	۸۲	۸۵	۲۳	۱۰
۹۶	۸۰	۴۱	۳۷	۶۳	۶۹	۷۱	۴۰	۲۷	۱۱
۸۹	۷۵	۶۵	۵۳	۵۶	۵۹	۴۶	۴۲	۳۲	۱۸
۸۶	۷۲	۶۴	۵۸	۴۷	۵۲	۵۷	۴۳	۳۵	۲۱
۱۹	۳۳	۳۹	۵۵	۵۰	۴۹	۶۰	۶۸	۷۴	۷۸
۱۳	۲۶	۶۷	۷۰	۴۴	۳۸	۳۶	۶۶	۸۱	۹۴
۷	۸۴	۷۹	۷۶	۳۰	۲۹	۲۵	۲۲	۸۳	۱۰۰
۹۹	۱۰۲	۹۳	۹۰	۱۶	۱۵	۱۲	۶	۴	۹۸

عملیاتِ محبت

کلام اللہ شریف کی آیات کے خواص کے متعلق ہر مسلمان مرد و عورت کے دل میں یقینِ کامل ہے یہ یقین ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے اسی لئے ان کی نسبت عرض کرنا یقیناً لاحاصل امر ہے ہاں مگر ایک بات ضروری ہے کہ کلام اللہ شریف کی سورہ یا آیات بینات کی تلاوت یا عمل کے لئے اس انسان کا دیندار، متقی اور پرہیز گار ہونا ضروری ہے یہاں پر یہ عرض کرتا چلوں کہ عملیات کرنے والے کے لئے توبہ ایک قسم کی شرط ہی قرار دی جاسکتی ہے اب آیات بینات کے اعمال اور وظائف پیشِ خدمت ہیں انہیں پوری شرائط کے ساتھ اگر آپ کرلیں تو سو فیصد کامیابی کی توقع کی جاسکتی ہے۔

عمل برائے حُب

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ کوئی اس کی محبت میں دیوانہ ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ کسی میٹھی چیز پر اس آیت مبارکہ کو گیارہ بار پڑھ کر اس کو

کھلا دے یا پلادے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس کی دلی تمنا ضرور پوری ہوجائے گی مگر یہ عمل کسی غلط کام کیلئے استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔

آیت مبارکہ:۔

یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ اَذِلَّۃٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّۃٍ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ ○

محبت میں بے قرار کرنے کے لئے

اگر کسی کے دل میں جگہ بنانی ہو اور دوسری طرف سے مثبت جواب نہ ملتا ہو تو اس صورتِ حال میں اس آیت شریف کا عمل تیر بہدف ثابت ہوتا ہے ان آیات کریمہ کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مطلوب کو کھلانے یا پلانے سے بفضلہٖ باری تعالیٰ مقصد ضرور حاصل ہوتا ہے یاد رہے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔

آیت مبارکہ:۔

ھُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَکَ بِنَصْرِہٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَافِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ○

حب کے لئے مجرب عمل

یہ عمل بھی اسی طرح کرنا ہے جس طرح پہلے دو عمل گزرے ہیں بس

اس کی ترکیب یہ ہے کہ اس عمل کو بعد از نماز فجر کرنا ہے اور ان آیات مبارکہ کو سو مرتبہ پڑھنا ہے۔

جبکہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بھی پڑھنا ہے۔

آیات مبارکہ:۔

یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا سکتہ وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِکِ اِنَّکِ کُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِیْنَ ○ وَقَالَ نِسْوَۃٌ فِی الْمَدِیْنَۃِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰھَا عَنْ نَّفْسِہٖ ج قَدْ شَغَفَھَا حُبًّا ط اِنَّا لَنَرٰھَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ

شقاوتِ قلبی کا خاتمہ

اگر کسی کو ایسی صورتِ حال کا سامنا ہو کہ کوئی اس کے ساتھ انتہائی نامناسب سلوک کر رہا ہے تو ایسی حالت میں بھی اس کا عمل مجرب ہے اور اس کے علاوہ اگر کوئی بھی اپنے گھر والوں سے نامناسب رویہ روا رکھے یا خاوند کا رویہ بیوی بچوں کے ساتھ خراب ہو تو ان آیات بینات کو ایک پاک اور کوری ٹھیکری پر چوب آس سے اس شخص کا نام لکھے۔

اس کے بعد تھوڑا سا ایسا شہد لے جس کو آنچ نہ لگی ہو اب اس شہد میں انگوری سرکہ ملا کر ذیل کی آیات اس نام کے گرد لکھے، لکھنے کے بعد اب ٹھیکری کو کنویں یا نہر میں ڈال دے دراصل یہ صدیوں پرانا عمل ہے مگر اب صورت حال چونکہ بدل چکی ہے اس لئے فقیر کے خیال میں پانی کی ٹینکی میں اس ٹھیکری کو ڈال دینے سے بھی مطلوبہ نتائج حاصل ہوجاتے ہیں۔

آیات مبارکہ:۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ سے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک ○

حکمران کا دل نرم ہو

ذیل کی آیات مبارکہ کو اس حکمران کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جو عوام پر ظلم کر رہا ہو اگر ایسی صورتِ حال پیش نظر ہو تو ان آیات مبارکہ کو کسی صاف کاغذ پر اس حکمران کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر کسی پہاڑ ی میں کسی اونچی جگہ پر کسی پتھر کے نیچے رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حکمران کا دل خود بخود نرم ہو جائے گا اور عوام سکھ کا سانس لیں گے۔

آیات مبارکہ:۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُم سے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک ۝

تسخیر قلوب کے لئے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ سب کے دل وہ تسخیر کر لے یعنی وہ جہاں بھی جائے ہر جگہ اس کی عزت وتکریم ہو یا اگر کسی کا افسر اعلیٰ سخت دل ہو اور اس کے کام میں بے جا کیڑے نکالتا ہو تو ذیل کی آیات مبارکہ کو عرقِ گلاب اور زعفران سے لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے اس طرح رکھوائے کہ پانی سے بچا رہے تو اس کی دلی مراد ضرور پوری ہوں گی۔

آیاتِ مبارکہ:۔

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَھُمُ النَّاسُ سے ذُوْفَضْلٍ عَظِیْمٍ تک

(پارہ لن تنالو البرا (4) رکوع نمبر 9

محبت میں یقینی کامیابی

اگر کسی کو کسی کے ساتھ شدید محبت ہو اور اس کو کامیابی کی امید نہ ہو

تو ذیل کا نقش و عمل یقینی کامیابی کے لئے ضروری ہے اگر ایسی صورتِ حال ہو تو جس کے ساتھ محبت ہو اس کے نام کے حروف کو الگ الگ کر کے اس میں اسم "رحمٰن" کے حروف ملائے اور سب کو جمع کر کے لکھ دے اب نیچے دیا گیا عمل پڑھے۔ مطلوب خود بخود حاضر ہوگا۔

اس کے علاوہ اگر اس نقش کو پچاس مرتبہ زعفران و مشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مخلوق میں ہر دلعزیز ہوگا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسمِ اللّٰہِ	الرَّحمٰنِ	الرَّحِیمِ
۴۴۱	۲۶۲	۲۷۵
۲۳۵		۴۲۴

اس نقش کی دعوت یا ذکر درج ذیل ہے:۔

دعوت یا ذکر:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِلٰھِیْ رَحْمَتُکَ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ قَدَّرْتَ الْاَشْیَآءَ وَاَحْکَمْتَھَا بِحِکْمَتِکَ وَرَحْمَتَ الْعِبَادَ بِرَحْمَۃِ الْعُمُوْمِ وَرَحْمَۃِ الْخُصُوْصِ سُبْحَانَکَ اَنْتَ اللّٰہُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ اِحَاطَۃً اِمْدَادِیَّۃً مُلْکِکَ رَاحَاطَۃٍ اَبَدِیَّۃً اَحَدِیَّۃً اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِاَسْمَآءِکَ الْحُسْنٰی اَنْ تُشْھِدَ نِیْ

حَقَآئِقَ الْاَشْیَآءِ وَاَنْ تَوَفِّقَنِیْ لِحِفْظِهَا وَاَنْتَ
الْحَنَّاتُ الْمَنَّانُ الرَّحْمٰنُ عَلَیْنَا فِی الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ
بِالْکَشْفِ عَنْ سِرِّ النَّفْسِ وَالْجِسْمِ وَحَقِیْقَتِهَا یَااَللّٰهُ
تین مرتبہ یَامَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ سَخِّرْلِیْ خَادِمَ هٰذَا
الْاِسْمِ الشَّرِیْفِ وَاَمِدَّنِیْ بِرَقِیْقَةٍ مِّنْ رَقَائِقِکَ
لَاُحْظٰی بِهَا بَیْنَ اَبْنَآءِ جِنْسِیْ یَآ اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ

برائے حب

محبت میں یقینی کامیابی کے لئے یہ نقش اور عمل بھی نہایت مجرب اور فائدہ مند ہے۔

اگر بروز پیر اس نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر اور اس کے گرد اس کے موکل کا نام بھی لکھوا کر پہنیں اور اس کے علاہ مضروب کے موافق اس کا ذکر بھی پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بندہ مخلوق میں پسند کیا جائے گا اور جس سے محبت کرنا چاہے وہ اس کو مثبت جواب دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ک	ل	م	ال
۳۹	۳۲	۱۹	۳۱
۳۳	۴۲	۱۸	۳۸
۲۹	۱۷	۳۴	۴۱

اس کے موکل کا نام ھیہائیل ہے اور اس کے اعداد مضروب 121 ہیں اگر کسی افسر اعلیٰ یا حاکم وقت کے سامنے زیر لب پڑھا جائے تو وہ لازمی قدرومنزلت کرے گا اور اگر خلوت میں پڑھے تو اس کا موکل حاضر ہو کر اس کا ہر جائز کام کرے گا۔

دعوت یا ذکر درج ذیل ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ
الْقُدُّوْسُ مُحْیِ الْاَرْوَاحِ وَالنُّفُوْسِ مَالِکُ الرِّقَابِ
وَمُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ مَالِکُ یَوْمِ الدِّیْنِ وَمُقَرِّبُ
الْبَعِیْدُ وَمُجِیْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ لَآ اَنْتَ الْوَاحِدُ
الْاَحَدُ ذَلَّتْ لَکَ رِقَابُ الْمُلُوْکِ وَصَارَ کُلُّ
مَلِکٍ لَّکَ عَبْدًا مَّمْلُوْکًا ۝ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ
الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ اَنْ تُمَلِّکَنِیْ نَاصِیَتِیْ وَتَکْشِفَ
لِیْ عَنْ حَقَآئِقِ عَالَمِ الْجَبُرُوْتِ لِاُخْطِیَ بِالْاَسْرَارِ
الرَّبَّانِیَّةِ وَالْاٰیَاتِ الْمَلَکُوْتِیَّةِ وَاُسَوِّدُ بِاِشْرَاقِیْ عَلٰی
اَبْنَآءِ جِنْسِیْ وَمَلِّکْنِیْ اَللّٰهُمَّ نَاصِیَةَ عَوَالِمِ اسْمِکَ
الْاَعْظَمِ الَّذِیْ تَعَزَّزْتَ بِهٖ وَلَا یُسَمّٰی بِهٖ غَیْرُکَ
یَامَلِکُ یَاقُدُّوْسُ یَامَلِکَ الْمُلْکِ یَاذَوالْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ اَجِبْ اَیُّهَا السَّیِّدُ الْجَلِیْلُ هٰذَا الْاِسْمَ
الْجَلِیْلَ وَاَمِدَّنِیْ بِرُوْحٍ مِنْ رُّوْحَانِیَّتِکَ یَخْدِمُنِیْ
فِیْ حَوَآئِجِیْ

معاشرہ میں رتبہ اور وقار بڑھ جائے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ اس کا رتبہ اور وقار معاشرہ میں بڑھ جائے تو اس کو چاہیئے کہ اس نقش قدم کو چاندی یا سونے پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے اس کا رتبہ بڑھ جائے گا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ال	علی	ی	م
۱۱	۲۹	۳۲	۱۹
۳۸	۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۳۷	۹

اسی کے ساتھ اس دعوت یا ذکر کو بھی اپنے معمولات میں شامل کر لیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ الْعَلِیْمُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَعَالِمُ دَقَآئِقِ الْاَسْرَارِ وَالْخَفِیَّاتِ الْمُحْصِیْ لِکُلِّ ذَرَّۃٍ وَّ تَفْصِیْلَ الْمُؤْتَلِفَاتِ بِمَا قَدَّرْتَ وَرَتَّبْتَ فِی الظَّاھِرِ وَالْبَاطِنِ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ اَسْئَلُکَ بِاِحَاطَۃِ عِلْمِکَ وَتَفْصِیْلِ شَکْلِ قَدَمِکَ وَنُفُوْذِ قُدْرَتِکَ

وَبِخِطَابِکَ بِاَنْوَارِ..... حِکْمَتِکَ اَنْ تَخْرِقَ فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ الْحِجَابَ لِاَطَّلِعَ عَلٰی مَاتَحْتَ ذَرَّۃٍ مِّنْ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ فَاَبْتَھِجَ بِسِرِّ الْقِدَمِ وَتَزَوُّلَ عَنِّیْ الْعَدَمَ یَااَللّٰہُ یَاحَکِیْمُ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ قُوَّتِکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ عَبْدَکَ عَیْنَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَقْضِیْ حَاجَتِیْ وَیَکُوْنُ عَوْنًا لِّیْ فِیْمَا اُرِیْدُ یَااَللّٰہُ یَاعَلِیْمُ یَاحَکِیْمُ

جو شخص بھی اس ذکر کو بروز جمعۃ المبارک طلوعِ آفتاب کے وقت سے لے کر نماز جمعہ تک پڑھتا رہے اور نقش کے گرد موکل کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ کریم اس کے مراتب کو بھی بلند فرمائے گا اور اس کا حافظہ بھی درست و تیز فرمائے گا۔

برائے محبت والفت

اگر کسی کی یہ خواہش ہے کہ وہ جس کے ساتھ محبت کرنا ہے اور وہ بھی اسی کے ساتھ محبت اور الفت کے ساتھ پیش آئے تو اسے چاہیئے کہ درج ذیل نقش کو کسی برتن پر زعفران وگلاب سے لکھ کر پلائے وہ اس کے ساتھ محبت سے پیش آئے گا۔

اس کے علاوہ اس اسم کو بھی ہروقت بڑھتا رہے اس اسم کو بے حساب پڑھنے سے اس اسم کا موکل حاضر ہوجاتا ہے اس موکل سے ہر جائز کام کروا سکتا ہے اگر اس اسم کو کند ذہنی چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہنے تو اس کو ذہانت نصیب ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ال	ر	تی	ب
۱۰۱	۱۱	۳۲	۹۹
۱۰	۹۵	۲۵	۳۳
۳۰	۳۵	۹	۹۹

اس کے ساتھ ساتھ یہ دعوت یا ذکر بھی روزانہ بعداز نماز فجر تیار کرے اور اول و آخر درود شریف بھی پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّقِیْبُ الْمُرَاقِبُلِبِ اَعْیَانِ تَفَاصِیْلِ الْاِمْتِدَادِ فِی الْمَوْجُوْدَاتِ وَتَفَاصِیْلِھَا یَااِلٰہَ الْعِبَادَ اَنْتَ الْمُلَازِمُ بِدَوَامِ النَّظْرِ لِھَا فَلَا تَغْفُلُ لَمْحَۃً مِّنَ اللَّمْحَاتِ وَاَنْتَ الْحَافِظُ لِنِظَامِھَا عَلٰی اَکْمَلِ الْحَالَاتِ فِی التَّحْلِیْلِ وَالتَّاکِیْبِ وَالْحَرَکَاتِ وَالسَّکَنَاتِ اَسْئَلُکَ بِسَرَائِرِ عِلْمِ غَیْبِکَ الْقَدِیْمِ عَلٰی نَطَامِ مُرَادِکَ الْعَالِمِ بِمَا اَجْرَاہُ قَلَمُکَ فِیْ لَوْحِ التَّفْصِیْلِ وَالتَّعْظِیْمِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُنَوِّرَ ظَاھِرِیْ وَبَاطِنِیْ بِنُوْرٍ مِّنْ عِنْدِکَ وَاَنْ تُلْھِمَنِیْ اَنْ اَتَخَلَّقَ

بِمُرَاقِبَۃِ لَمُحَاتِیْ وَلَحْظَاتِیْ بِمَا تَتَّخِذُنِیْ بِہٖ لَکَ حَبِیْبًا وَّلِمَا تَرْضَاءُ عَنِّیْ مُجِیْبًا اَللّٰھُمَّ اَنِلْنِیْ مِنْکَ حُسْنَ الْمُلَاحِظَاتِ بِدَوَامِ التَّوْفِیْقِ وَکَمَالِ الْمُلَاحَظَۃِ مِنَ الْاَمْرَاضِ فِی الْقَلْبِ وَالْجَسَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ یَااَللّٰہُ یَارَقِیْبُ

لاتعداد خصوصیات کا حامل عمل

یہ عمل بہت زیادہ تاثیرات وخصوصیات کا حامل عمل ہے اس کی تاثیر جمالی ہے اس کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1:۔ اگر کسی ظالم اور بددماغ افسر یا حاکم کے پاس حاضر ہو تو ستر مرتبہ اس اسم مبارک کو زیرلب پڑھ کر اس کی طرف پھونک مارے اس کا دل اسی پڑھنے والے کی طرف مائل ہوجائے گا اور وہ عنایات اور مہربانی سے پیش آئے گا خواہ وہ اس سے بغض ہی کیوں نہ رکھتا ہو۔

2:۔ اگر کسی پیر صاحب یاجلالی طبیعت کے حامل بزرگ کے پاس حاضر ہو تو اسی قدر پڑھ لے وہ اس پر مہربان ہوں گے اور عنایت ومہربانی فرمائیں گے۔

3:۔ اگر کسی کو یہ خواہش ہو کہ اس کا دل روشن ہو اور اس پر راز کھلیں تو اس اسم کو کثرت سے ورد کیا کرے۔

4:۔ اگر کسی کو دنیاوی یا دینی حاجت درپیش ہو تو اس کو چاہیئے کہ اسی اسم مبارک کو یکشنبہ کے روز طلوع آفتاب کے وقت چوبیس مرتبہ پڑھے اس کی حاجت پوری ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

5:۔ اگر مطلوب سرکشی اور اس سے اعراض کرے تو طالب کو

چاہیئے کہ چہار شنبہ کے روز اچھی طرح غسل کر کے پاکیزہ کپڑے زیب تن کرے اور عود سلگائے اب اس اسم کو ایک سو اکیس مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اپنے مطلوب کو کسی بھی طرح کھلادے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مطلوب اس کا مطیع ہوجائے گا۔

لیکن طالب کو چاہیئے کہ عمل پڑھتے وقت صدقِ دل قائم رکھے اور اعتقاد اپنا درست رکھے اور اپنے دل کو شکوک وشبہات سے دور ہی رکھے۔

اسم مبارک:۔

سُبۡحَانَکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ یَارَبَّ کُلِّ شَیۡءٍ وَّوَارِثَهٗ
وَرَازِقُهٗ وَرَاحِمُهٗ

گزارش ہے کہ جواہر خمسہ میں رقم ہے کہ اس اسم مبارک کا نصاب اکاسی ہزار بار، زکوٰۃ چالیس ہزار پانچ سو، عشر بیس ہزار دو سو پچاس بار، بذل سات ہزار بار ہفتم ایک ہزار دو سو بار، اس کے بعد بہ نیت سریع الاجابت روزانہ نو ہزار بار نو روز تک پڑھے۔

برائے محبت دائمی

اس اسم مبارک کو محبت اور الفتِ دائمی کے لئے روزانہ سات روز تک ایک ہزار دو سو بار پڑھنا لازمی ہے۔

اس کے علاوہ اسی مقصد کے لئے یعنی پیار قائم کرنے کے لئے چاہیئے کہ گیہوں یا جوئے ایک ہزار دانوں کو لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے جب تمام دانوں پر پڑھ چکے تو ایک نئے برتن میں اچھی طرح پانی گرم کر کے اس میں ان دانوں کو ڈال دے۔

جب نیم جوش آئے تو ان دانوں کو نکال کر یا تو کسی تالاب یا نہر یا دریا میں ڈال دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم محبت قائم ہوجائے گی۔

اسی طرح اگر کسی کا مطلوب اس کی طرف رغبت نہ کرتا ہو طالب کو چاہیئے کہ تین روزے متواتر رکھے اور ہر روز پانچ سو بار اس اسم مبارک کو پڑھے چوتھے روز بہتے پانی میں جا کر غسل کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے اس کے بعد دو رکعت محبۃ الحب ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے سلام پھیرنے کے بعد تین سو اکسٹھ (361) مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔

اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے مطلوب ومحبوب مل جائے گا اور محبت کو استقامت حاصل ہوگی۔

اسم مبارک:۔

یَآ رَحۡمٰنُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّوَارِثُهٗ وَرَاحِمُهٗ یَارَحۡمٰنُ

جواہر خمسہ میں اس کا نصاب ایک لاکھ اکیس ہزار بار، زکوٰۃ ساٹھ ہزار پانچ سو بار، عشر تیس ہزار دو سو پچاسی بار قفل تین سو ساٹھ بار دور مدور برابر نصاب تحریر ہے۔

زوجین میں محبت کے لئے

جواہر خمسہ میں درج ہے کہ اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو تو صاحبِ عمل اس اسم کو چینی کے برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر دونوں کو پلائے تو طرفین میں پیار ومحبت قائم ہو یا اگر پوستِ آہو یا مشک وزعفران سے لکھ کر ان دونوں کو پلائے جن میں ناموافقت اور مخاصمت ہو یا ان میں سے ایک

اپنے پاس بطور تعویز رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم صلح واتحاد قائم ہو۔

عمل درج ذیل ہے:۔

یَاصَمَدُ مِنۡ غَیۡرِشِبۡهٍ فَلَاشَیۡءَ کَمِثۡلِهٖ

اپنے عشق میں بے قرار کرنے کے لئے

محمد غوث گوالیاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو اپنے عشق میں بے قرار کرنا چاہتا ہو تو پہلے عامل تارک حیوانات جمالی وجلالی ہو کر روزہ رکھے پھر اس اسم کو کاغذ خطائی پر مشک وزعفران سے لکھے اور بہتے پانی میں ڈالے اور وہیں اس پانی کے کنارے ایک ہزار بار اس اسم مبارک کو پڑھے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مطلوب بے قرار ہو کر اس کے پاس آئے گا۔

اسم مبارک یہ ہے:۔

یَارَحِیۡمُ کُلِّ مَرِیۡحٍ وَّمَکۡرُوۡبٍ وَغِیَاثُهٗ وَمُعَاذُهٗ

سنگدل محبوب کو مطیع کرنے کے لئے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو تو حضرت غوث شاہ محمد غوث گوالیاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی رسائی اپنے محبوب تک ناممکن ہو تو کسی پاکیزہ خوشبو دار یا کھانے پینے کی کسی شے پر روزانہ یہ اسم مبارکہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائے یا پلائے یا سونگھائے اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو اس اسم کو کسی پاک صاف کاغذ پر لکھ لے اور کسی بلند جگہ پر لٹکا دے تاکہ یہ ہوا سے ہلتا رہے اس طرح محبوب اور مطلوب کے دل میں اثر پیدا ہوگا کیونکہ:۔

قَالَ عَلَیۡهِ السَّلَامُ قَلۡبُ الۡمُوۡمِنِ بَیۡنَ اَصَابِعِ الرَّحۡمٰنِ

اس عمل کو پڑھنے کے دوران خوشبو خود بھی لگائے اور سلگائے بھی۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب اس کے عشق ہی ضرور مبتلا ہوگا۔

اس عمل کی دیگر خصوصیات یہ ہیں کہ اگر اس عمل کو سات ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو گھر سے غائب ہونے والا بہت جلد واپس آجاتا ہے۔

دوسرے یہ کہ اگر اس عمل کو لکھ کر درد زہ والی خاتون کو بائیں ران پر باندھا جائے تو اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے بہ سہولت خلاصی پائے۔

عمل یہ ہے:۔

یَاحَلِیۡمُ ذَاالۡاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیۡءٌ" مِنۡ خَلۡقِهٖ

محبت اور باہمی سلوک کے لئے مجرب عمل

اگر دو دوستوں یا دو خواتین یا دو بہنوں یا دو بھائیوں کے درمیان پیار اور سلوک نہ ہو تو درج ذیل آیات مقدسہ کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے لکھے اور اس کے اوپر شہد ڈال کر اچھی طرح ملائے اب اس شہد کو کسی کھانے والی چیز میں ڈال کر وہاں موجود ان دونوں کو بھی کھلائے اور تمام حاضرین کو بھی کھلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے سلوک ومحبت قائم ہوجائے۔

ان آیاتِ بینات میں بسم اللہ شریف کے اعداد بھی شامل کرلیں۔

عمل یہ ہے:۔

۷۸۶ اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا سَوَآءٌ" عَلَیۡهِمۡ ءَ اَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ الحب فلان بن فلان علی

حب فلان بن فلان ۷۸۶ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ اَلْحَمْدُ
لِلّٰہِ حیات شھدا المود ۃ سلونی ھم اذا اخوان
احفظ لا الہ الا اللہ بحق ایاک نعبدو ایاک
نستعین O

عمل خاص برائے حب

عمل بسم اللہ شریف اس کام کے لئے بے حد مجرب اور مفید ہے اگر چاہیں کہ کسی دوست کو مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو رو بقبلہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کر کے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف ذیل پڑھیں اس کے بعد بسم اللہ شریف کو ایک ہزار مرتبہ اپنے محبوب یا اپنے متعلقہ احباب سے پورا تصور رکھیں جب ختم کر لیں تو اپنے سینے پر دم کریں اور تصور یہ رکھیں کہ یہ دم میں نے اپنے متعلقہ فرد کے سینے پر کیا ہے اور اپنے دل میں اشارہ کریں کہ یہ میرا مطیع ہو اسی طرح اس عمل کو گیارہ روز تک کریں اگر اس کی ذکات ادا کرنے کا ارادہ ہو تو روزانہ ہزار مرتبہ پڑھیں اب آپ عمل حب کے عامل ہیں اور اسے اپنے محبوب یا اپنے کسی بھی جائز مقصد میں اسی وقت مقررہ بسم اللہ شریف کو ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر کسی بھی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں جو بھی اس چیز کو کھائے گا وہ آپ کا مطیع وفرمانبردار ہوگا اس عمل کو کوئی بھی اپنے بچوں کو مطیع وفرمانبردار کرنے کی خاطر بھی کر سکتا ہے اور اس عمل کو پڑھ کر بچے کی پسندیدہ میٹھی چیز پر دم کر کے اس کو کھلائیں۔

بچہ اگر بدتمیز ہوگا تو اپنی تمام بری حرکات کو ترک کر کے اچھے کام

کرے گا اور اپنے والدین کے مطیع وفرمانبردار ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

حب کا نہایت مجرب عمل

ایک بزرگ کا عطا کردہ نہایت مجرب عمل ہے۔

کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اس کی پہنی ہوئی کرتی جو بہت میلی کچیلی پرانی ہو تو روز پاک صاف ہو کر بعد از نماز عشاء ایک جگہ مقرر کر کے ہر روز اسی جگہ اس ذیل کی آیت کو:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ

ایک سو ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کرتی پر پڑھے اور اس پر دم کرے آخر میں نام اپنا اور اپنے باپ کا اور اس معشوقہ اور اس کی ماں کا لیوے پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھے اور لوبان تھوڑا تھوڑا اس آگ پر ڈالتا رہے جب اول روز پڑھ چکے تو ایک ماشہ گائے کے گھی پر تین مرتبہ:۔

یَاھُوَ یَاھُوَ

اس آگ پر وہ گائے کا گھی چھڑکے اسی طرح نو رات تک پڑھے لوبان جلاوے اور گھی چھڑکے۔

دسویں رات کو اس کرتی کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تین بتی بناوے ایک بتی آگ پر جلاوے اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بے قرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے گیارھویں رات کو دوسری بتی اور بارھویں رات کو تیسی بتی جلاوے معشوقہ عشق میں بیقرار ہو کر آجائے۔

پراثر وظیفہ برائے حب

اس دعائے بشمخ کی حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدار ادام اللہ انوار نے دعوت دی ہے اور یہ دُعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی نہایت مجرب اور مفید ہے جس کام کی انجام دہی کے لئے پڑھا جائے ہر ایک کی مراد بر آئے ایک سو ایک مرتبہ اس کھانے والی چیز پر پڑھا جائے جو آگ پر نہ پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ میوہ، انگور، بادام، کشمش، چھوارے وغیرہ پڑھ کر جس کو کھلائے وہ اسی کا کلمہ پڑھے۔

حضرت شاہ مدار رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ الکردگار کی کرامت ہے کہ آپ کے مزار پر انوار پر بھی پکا ہوا کھانا نہیں جاتا ہے اس باعث سے اس عمل کی بلا پکے کھانے پر اجازت معلوم ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ بَشْمَخْ وَالْاَعَامُ شِيْطِيْثُوْنَ اَللّٰهُمَّ

پڑھے جو کھائے وہی مسخر ہو جائے۔

محبتِ زوجین قائم کرنے کے لئے

اگر خدانخواستہ میاں بیوی میں پیار وسلوک نہ ہو اور آئے دن لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ان کے کسی ہمدرد کو چاہیئے کہ دوشنبہ کے روز انڈے کے درخت کی لکڑی لائے لاتے وقت یہ نیت ضرور کر لے کہ حب کے عمل کے لئے لے جارہا ہوں اب اس لکڑی کو سانہ میں اچھی طرح خشک کر لے جب خشک ہو جائے تو اتوار یا جمعرات کو اس کے ٹکڑے کر کے کسی مٹی کے برتن میں ڈال دے۔

اس کے بعد درج ذیل آیت مبارک کو ایک سو ایک بار پڑھے اور لکڑی کے ان ٹکڑوں پر دم کرے۔ اب ان ٹکڑوں کو جلا کر سوختہ کر لے یاد رہے کہ عمل کرتے وقت باوضو ہونا لازمی ہے اب اسی راکھ یہی سے ایک رتی بھر لے کہ کسی میٹھی چیز میں ملا کر دونوں میاں بیوی کو کھلا دے۔

اس کے علاوہ یہی عمل کسی کے ساتھ بھی کرے تو وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا خواہ وہ عورت ہو یا مرد۔

آیت مبارک یہ ہے:۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْا اِلَّا اِبْلِيْسَ ط اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِيْنَ ۝

کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنے کے لئے

صاحبزادہ شیخ محمود الحسن صدیقی صاحب فرماتے ہیں کہ اگر کوئی کسی پر عاشق ہو اور معشوق اس کی طرف مائل نہ ہو یا کسی کا کوئی دشمن ہو یا کسی ظالم کا خوف رہتا ہو تو اتوار یا منگل کے دن روزہ رکھے اور رات کو اللہ تعالیٰ

سے تقرب کے لئے نماز استجابت پڑھے۔

اس کے ساتھ ساتھ پیپل جو بڑی اور کانٹے دار ہوں اپنے سامنے رکھے اور تھوڑی سی بخور اور آگ بھی اپنے پاس رکھے پہلے سات سات مرتبہ ہر پیپل پر آیتِ موصوف دم کرے اور مطلوب یا اس شخص کا نام لے کر جلائے۔

دوسرے روز اگر جمعرات ہو تو روزہ رکھے اور بدستور پیلیوں کو گیارہ مرتبہ دم کرے اور نام لے کر چلائے۔

تیسرے روز جمعۃ المبارک کے روز بدستور روزہ رکھے اور ہر پیپل پر اکیس اکیس مرتبہ دم کر کے نام لے کر جلائے۔

بفضل باری تعالیٰ صبح ہی یا بہت جلد مطلوب حاضر ہوگا اور فرمانبرداری کرے گا اگر اسی مرتبہ نہ آئے تو آئندہ منگل سے پھر اسی طرح سے عمل کرے اگر پھر بھی مطلوب حاصر نہ ہو تو تیسری مرتبہ اسی دستور سے پھر عمل کرنے اور ناامید ہرگز نہ ہو یقیناً مطلوب مطیع ہوگا۔

آیات کریمہ یہ ہیں:۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مُحَبَّةً مِّنِّىْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِىْ اِذْ تَمْشِىْ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ط فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا وقف O

کسی کا دل تسخیر کرنے کے لئے

درجِ ذیل عمل حب اور تسخیر خلق کے لئے نہایت مجرب اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ یہ کبھی خطا نہیں جاتا یعنی اگر کسی کو مسخر

کرنا ہو تو بائیس مرتبہ زوالِ آفتاب کے وقت یہ آیت کریمہ پڑھے یقینی بات ہے کہ صرف تین روز کے پڑھنے سے وہ تسخیر اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

آیت کریمہ:۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمقدور الاالقادر یارب یارب یارب

محبوب کو سفر سے روکنے کے لئے

اگر ایسی صورتِ حال ہو کہ کسی کا محبوب سفر پر جانے پر مصر ہو اور کوئی اس کو روکنا چاہ رہا ہو تو اس کو چاہیئے کہ جس طرف اس کے محبوب کے جانے کا ارادہ ہو اس راہ کا ایک پتھر اٹھالائے اور اس پر درجِ ذیل آیت مبارکہ مع محبوب کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر کسی کنویں میں ڈال دے۔

امید ہے کہ جب تک وہ پتھر اس کنویں میں پڑا رہے گا وہ ہرگز کسی طرف بھی سفر نہ کر سکے گا۔

آیت مبارکہ:۔

٧٨٦ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ O

عشق میں گرفتار کرنے کے لئے

جناب صاحبزادہ محمود الحسن صدیقی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ عمل ایک تارک الدنیا اور کامل واکمل بزرگ کا عنایت کردہ ہے جو نہایت مجرب اور آزمودہ ہے اگر کوئی بھی کسی کو اپنے عشق میں گرفتار کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے

کہ تھوڑی سی شکر یا چینی پر درجِ ذیل عمل کو پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلا دے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم وہ مطیع وفرمان بردار ہوگا۔

اگر صورتِ حال یہ ہو کہ اس کو کھلا نہ سکے تو پھر چیونٹیوں کو کھلائے امید ہے کہ کامیاب وکامران ہوگا۔

عمل یہ ہے:۔

الم ترکیف بستم خواب وخور فلان افسون فلان ابن فلان علیٰ حب فلان ابن فلان فعل ربک باصحٰب الفیل الم یجعل کیدھم بستم خواب وخور فلان ابن فلان علیٰ حب ابن الفلان فی تضلیل وارسل علیھم طیراً ابابیل ترمیھم بحجارۃ من سجیل فجعلھم کعصف ماکول بستم خواب وآرام فلان ابن الفلان علیٰ حب فلان ابن الفلان

نوٹ:۔

درج بالا عمل میں فلاں ابن فلاں میں مطلوب کا نام مع والدہ لکھے اور جب علی حب پڑھے تو اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے، پڑھے۔

عمل مجرب برائے حب

اگر کوئی بھی کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ

سورہ الم نشرح سات مرتبہ باوضو ہو کر پڑھے اور نمک پر دم کر کے بوقت غروب آفتاب آگ ہی جلائے عمل پڑھتے وقت مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کا نام ضرور لے۔

امید ہے کہ پڑھنے والا اگر صدقِ دل سے یہ عمل کرے گا تو ضرور کامیاب ہوگا۔

ترکیبِ دعوت بسم اللہ شریف

اس کے لئے چاہئے کہ اول ترک حیواناتِ جمالی وجلالی کرے اور گناہ کے کاموں سے خود کو ہر طرح سے روکے اب عمل شروع اس طرح کرے کہ عروجِ ماہ میں نماز فجر کے بعد اس کا آغاز کریں مگر اس کے تین طریقے ہیں۔

''اُلُوف'' یعنی ہزار۔

''فِأت'' یعنی سینکڑہ۔

''عشرات'' یعنی دھائی

تفصیل اس کی کچھ یوں ہے کہ اگر الوف کو اختیار کرے تو ہر روز دس ہزار بار دس روز تک پڑھے یہ سب ایک لاکھ ہوئے اور اگر مآت کو اختیار کرے تو ہر روز ہزار بار پڑھے اور اگر عشرات کو اختیار کرے تو ہر روز دس بار پڑھے لیکن بزرگوں کا کہنا ہے کہ 'الوف' ہی بہتر ہے جب ماہ ختم ہوجائے تو پھر روزانہ دس مرتبہ ضرور پڑھا کرے پھر جس امر کے لئے بھی دُعا کرے حاجب پوری ہوگی۔

محبت میں کامیابی حاصل ہو

اگر کسی خاص شخصیت سے کسی کو شدید محبت ہو مگر اس کی طرف سے

جواب ہاں میں نہ ملتا ہوتوایسی صورت حال میں طالب کو چاہیئے کہ بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھیں اور پھر پانی پر دم کر کے مطلوب کو پلا دیں۔

یقینی بات یہ ہے کہ اس کو بھی طالب کے ساتھ شدید محبت قائم ہوجائے گی۔

نفرت کا خاتمہ کرنے کے لئے

اگر دو اشخاص یا خواتین یا زوجین میں باہمی عداوت یا جدائی ہوجائے تو ایسی حالت میں چاہیئے کہ دو شنبہ کی رات کو دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورہ والضحٰی پڑھے اس کے بعد نماز مکمل کرے نماز مکمل کر کے درج ذیل عمل پچیس مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَحْبِبْنِیْ اِلٰی قَلْبَ فُلَانٍ بن فُلَانٍ

نوٹ:۔

فلاں بن فلاں کی جگہ جن کے بارے میں عمل کرنا ہو ان کی والدہ اور ان کا نام لے۔

محبت زوجین کے لئے مجرب نقش

اگر خدانخواستہ میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ہونا ہو اور گھر کا سکون برباد ہوچکا ہو تو چاہیئے کہ سورہ جمعہ کا درجِ ذیل نقشِ معظم تیار کر کے خاوند اپنے پاس حفاظت سے رکھے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم ضرور سلوک واتفاق قائم ہوگا۔

نقش معظم:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۵۳۷۲	۱۵۳۸۷	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۱
۱۵۳۸۵	۱۵۳۸۵	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۶
۱۵۳۷۹	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۹	۱۵۳۷۵
۱۵۳۸۸	۱۵۳۸۸	۱۵۳۷۸	۱۵۳۸۳

خاوند کی بدکلامی رک جائے

اگر کسی خاتون کا خاوند اس سے اکثر اوقات بدکلامی کرتا ہو، لڑائی جھگڑا کرتا ہو اور اس سے صحیح طرح بات نہ کرتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس خاتون کو چاہیئے کہ پیر کے روز درج بالا نقش معظم کو تیار کر کے صحرا میں دفن کرے۔

یہ نقش نہایت ہی مجرب اور مفید ہے۔

مطلوب مطیع ہوجائے

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ اپنے محبوب کو اپنا مطیع بنا لے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

درج ذیل نقش کو اگر اپنے بازو پر باندھ کر محبوب کے پاس جائے تو یقیناً وہ اس کی طرف مائل ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُحِبُّوْنَهُمْ	كَحُبِّ	اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ
لَحُبِّ	اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اللّٰهِ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اَشَدُّ حُبًّا
وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اَشَدُّ حُبًّا	لِلّٰهِ

محبوب کو بے قرار کرنے کے لئے

اگر کوئی چاہئے کہ اس کا سنگدل محبوب اس کی محبت میں بے قرار ہوجائے تو طالب کو چاہیئے کہ درج ذیل نقش کو حسبِ قاعدہ تیار کر کے ایک درخت کی مضبوط شاخ کے ساتھ لٹکادے یہ نقش مشک وزعفران سے اور کسی پاک قلم کے ساتھ تحریر کرے جب ہوا سے یہ نقش ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہوگا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۴۳	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۵
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۷	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۶	۲۴۷	۲۵۲

محبتِ زوجین کے لئے مجرب نقش

خدانخواستہ اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو جائے تو چاہیئے کہ بیوی اس نقش کو دو مرتبہ عرق گلاب، مشک اور زعفران سے تحریر کرے اس کے بعد ایک تو اپنے شوہر کو پانی میں گھول کر پلائے اور دوسرا نقش اپنے بازو کے ساتھ باندھ لے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱	۱۴	۱۱	۱۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۲۴	۹	۱۶	۳
۱۵	۳	۵	۱۰

نقوش برائے حب

اگر مطلوب کو مطیع یا اپنی طرف راغب کرنا ہوتو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اُسے چاہیئے کہ اس کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس پر مشک وزعفران ومشک سے درج ذیل دونوں نقوش تحریر کر لے ایک نقش کو آگ میں جلا دے اور دوسرے نقش کو جہاں مطلوب کی آمدورفت ہو دفن کر دے۔

نقوش:۔

نقش نمبر ۱:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۱۱۷	۴۷۱۳	۱۱۱۹	۱۱۱۳
۱۱۱۱	۲۱۹	- ۱۱۹	۱۳۱۹
۱۲۹۹	۹۱۱۲	۱۱۰	۹۱۳
۱۹۱۱	۹۱۰	۹۱۱	۹۱۳

نقش نمبر ۲:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱	۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

برائے تسخیر وحب

کسی مخصوص انسان کو یا عام لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنی طرف کرنے کے لئے درجِ ذیل آیات مبارکہ بعداز نماز فجر اور بعداز نماز مغرب گیارہ

مرتبہ پڑھے جبکہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور کامیاب وکامران ہوگا۔

آیات مبارکہ:۔

یُحِبُّوۡنَھُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡآ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَالۡکَاظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَالۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ہ اَوَمَنۡ کَانَ مَیۡتًا فَاَحۡیَیۡنٰہُ وَجَعَلۡنَا لَہٗ نُوۡرًا یَّمۡشِیۡ بِہٖ فِی النَّاسِ کَمَنۡ مَّثَلُہٗ فِی الظُّلُمَاتِ لَیۡسَ بِخَارِجٍ مِّنۡھَا ط کَذٰلِکَ زُیِّنَ لِلۡکٰفِرِیۡنَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ہ فَلَمَّا رَاَیۡنَہٗٓ اَکۡبَرۡنَہٗ وَقَطَّعۡنَ اَیۡدِیَھُنَّ وَقُلۡنَ حَاشَا لِلّٰہِ مَا ھٰذَا بَشَرًا ط اِنۡ ھٰذَآ اِلَّا مَلَکٌ" کَرِیۡمٌ ہ وَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ لَمۡ یَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ شَرِیۡکٌ" فِی الۡمُلۡکِ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ وَلِیٌّ" مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرۡہُ تَکۡبِیۡرًا ہ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَکُوۡنُوۡا کَالَّذِیۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰی فَبَرَّاَہُ اللّٰہُ مِمَّا قَالُوۡا ط وَکَانَ عِنۡدَ اللّٰہِ وَجِیۡھًا ہ

ہر شخص محبت کے ساتھ پیش آئے

جو شخص یہ چاہے کہ مخلوقِ خدا اس کی عزت بے حساب کرے اور وہ جہاں جائے اس کی عزت و توقیر ہو تو اس کو چاہیئے کہ درجِ ذیل عمل دس مرتبہ

پڑھے اور اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر مل لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی ہر جگہ عزت وتکریم ہوگی۔

عمل یہ ہے:۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَّی وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ یَاخَیْرَ

اَمَقْصُوْدِیْنَ یَاخَیْرَ الْمَطْلُوْبِیْنَ یَاخَیْرَ الْمَحْبُوْبِیْنَ

یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ ○

لوگوں میں تکریم حاصل ہو

اگر یہ خواہش ہو کہ عام لوگ اس کے ساتھ پیار ومحبت کے ساتھ پیش آئیں تو چاہیئے کہ درج ذیل آیت مبارکہ بعداز نماز فجر پانچ سو مرتبہ اور اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

یہ عمل نہایت مجرب عمل ہے۔

آیت مبارکہ:۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

برائے حب مجرب عمل

حب کے واسطے یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے طریقہ اس کا کچھ یوں ہے کہ عمدہ خوشبو کے سات عدد تازہ پھول لے کر ہر پھول پر سات سات مرتبہ درج ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر تین مرتبہ پھونک مارے۔

جب تمام پھولوں پر دم کر چکے تو اپنا اور مطلوب کا نام مع والدہ کے

لے کر تمام پھولوں پر دم کرے اب انہی پھولوں میں سے ایک پھول جس سے محبت کرتا ہے اس کو پکڑا دے جیسے ہی وہ پھول سونگھے اس کا مطیع ہوجائے۔

آیت شریفہ یہ ہے:۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمَانَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

محبت کے لئے مختصر مگر زبردست عمل

اگر کسی کو اپنی طرف راغب کرنا مقصود ہو تو درج ذیل عمل کسی بھی شیرینی پر ستر مرتبہ دم کر کے مطلوب کو کھلادے۔

جس کو بھی کھلائے وہ اس کی محبت میں بے قرار ہوجائے صرف صدق دل اور توجہ کامل شرط ہے۔

عمل یہ ہے۔

یَاطَهَّمُوْنَا

محبت میں کامیابی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پانی پر سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب حاصل ہوگا۔

محبت میں کامیابی

سورہ فاتحہ اکیس بار شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

پھر مالک دو جہان کی شان دیکھیں۔

عمل برائے محبت

یامقلب القلوب قلب قلبه الی

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں بروز شب جمعہ اور عشاء کے فرض کے بعد نام طالب، مطلوب معہ مادر کے اعداد پڑھے، بعدہ عمل یہ درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھے اور پھر نماز مکمل کرے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃٍ نکشف عنا جمیع الھموم و الغموم یاحی یا قیوم

محبت کی تسبیح

مندرجہ ذیل آیت کریمہ کو ایک کاغذ پر زعفران وگلاب اور مشک سے باوضو حالت میں لکھیں۔

اب اتنا خالص موم لیں جس سے سو دانے عام تسبیح کے بنائے جاسکیں اس موم کو نیم گرم کر کے اس میں اچھی طرح یہ کاغذ کوٹ کوٹ یک جان کر دیں، اس کے بعد اس کے یکساں انداز کے سو دانے بنالیں اور بطریق معروف تسبیح بناڈالیں اس تسبیح پر سو مرتبہ یہی آیت پڑھیں نام طالب اور مطلوب کا لازمی لیں۔

پڑھنے کے بعداس کو کسی پلیٹ میں ڈوراتوڑ کر بکھیر دیں اور مطلوب کا حال دیکھیں۔

اگر بے قرار ہے تو بس کریں ورنہ کامل اکیس روز مکمل کریں اس کے بعد اس کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایسی محبت ہو کہ سب رشک کریں۔

اگر کوئی شخص اتنی دور ہے کہ فوراً نہیں آسکتا تو اتنا انتظار کرے کہ جتنی مسافت ہے۔

نوٹ:۔

یہ عمل کوئی صاحب غیر شرعی مقاصد کے لیے نہ کریں ورنہ آپ ذمہ دار ہوں گے، اور نہ ہی بغیر اجازت کریں۔

آیت مبارکہ:۔

الحب فلان بن فلان علی القلب فلان بحق لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالموفین روف رحیم فان تولو فقل حسبی الله لا اله الا هو علیه توکلت وهو رب العرش العظیمO

تعویز الحب

ذیل کے نقش مبارک کو چھیاسٹھ یوم تک روزانہ ساعت مشتری یا قمر میں زعفران وگلاب ومشک سے لکھے اور گولیاں آٹے میں بنا کر روزانہ دریا میں بہائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم محبت بے حد زیادہ اور بے پناہ ہوگی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سلام ۱۳۱	قولا ۱۳۷	من رب ۳۹۲	الرحیم ۲۶۷
من رب ۲۷۲	الرحیم ۲۵۸	سلام ۱۳	قولا ۱۳۷
الرحیم	من رب	سلام	الرحیم
قولا ۱۳۷	من رب ۱۳۱	الرحیم ۱۵۸	من رب ۲۹۲

عمل خاص الخاص برائے محبت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ہادی الرحمٰن کام کرے، سبحان الرحیم، عالم کو کر مسخر اور مستقیم، موہنی چپ، موہنی روپ، موہنی ہوئی دین اسلام عمر بن خطاب علی نبی کا شمشیر بردار پیروست گیر میرا کام کر کے لاؤ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

عمل:۔

عمل مذکور کو ایک سو ایک بار صبح کی نماز کے بعد شروع چاند کی جمعرات کے دن پڑھا جائے اول وآخر تین تین بار درود شریف دو لونگ لے کر اس پر دم کریں اور روزانہ انہی دونوں لونگوں پر اکیس دن تک عمل مذکور کو پڑھ کر پھونکتے رہیں۔

اکیسویں دن نادرین کی روئی میں دونوں لونگوں کو لپیٹ کر بتی بنا

کر روغن صندل میں کاجل تیار کریں کاجل تیار ہونے تک بے تعداد عمل پڑھنا ہوگا۔

جب کاجل بن جائے تو تھوڑا سا صندل کا تیل ملا کر ڈبیہ میں رکھ لیں وقت ضرورت خود تھوڑا سا لگالیں ماتھے پر اور مطلوب کے کپڑوں میں اگر لگا سکتے ہوں تو لگالیں اول وآخر روز فاتحہ صاحب عمل کی یعنی حضرت پیرانِ پیر دستگیر و صحابہ گرام جن کے اسمائے گرامی ہیں کھیر پکا کر دیں۔

اگر رات کو کھیر پکا کر صبح فاتحہ دیں تو مناسب ہے بعد میں کاجل پر دم کریں۔

پرہیز:۔

گوشت، انڈہ، مچھلی، پیاز، لہسن نہ کھائیں دوران عمل میں بیوی کے پاس جانا بھی مناسب نہیں ہے۔

نوٹ:۔

نادرین کی روئی سے مراد وہ روئی ہے جو درخت میں لگی ہو جب روئی ٹینٹ میں پک کر کام میں آنے کے قابل ہوجائے اور گیلی نہ رہے اس وقت کپاس درخت سے روئی کو توڑ کر لانا چاہیئے۔

عمل محبت

چالس دن چنے کے لے کر ایک ایک دانے پر سورہ زلزال پڑھ کر دم کرے اور ہر ایک دانے کو آگ میں ڈالے یا سو بار ایک ہی مرتبہ پڑھ کر سب پر پھونکے اور آگ میں ڈالے اس وقت منہ میں شیرینی رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کم سے کم تین روز میں اپنا اثر دکھاوے گی خدانخواستہ اگر تین روز میں کامیابی نہ ہو تو ایک ہفتہ تک اس عمل کو جاری

رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور کامیابی ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ وَاِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زَالَهَاوَ وُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالاً شَدِیۡدًا ٥ جمیع جوارح فلان بن فلان سے حب فلان بن فلان یَوۡمَئِذٍ یَصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا لِیَرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ فَمَنۡ یَعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَیۡرًا یَّرَه وَمَنۡ یَعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَه ؕ

نوٹ:۔

